# ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

## ہاؤس نمبر 3، بلاک P، ڈیرہ غازیخان

ریفرنس نمبر: DGKCC&I/CIR/236-A/2023　　　　　مورخہ 14 اکتوبر 2023

## کاروائی اجلاس ایگزیکٹو کمیٹی منعقدہ مورخہ 21 اکتوبر 2023

ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کی ایک میٹنگ مورخہ 21 اکتوبر 2023 بروز ہفتہ بوقت 11:30 بجے دن چیمبر کے رجسٹرڈ آفس واقع ہاؤس نمبر 3، بلاک P، ڈیرہ غازیخان میں صدر چیمبر جناب خواجہ محمد الیاس کی زیر صدارت منعقد ہوئی جس میں مندرجہ ذیل اراکین نے شرکت فرمائی۔

حاضری ممبران

| | | |
|---|---|---|
| -1 | جناب خواجہ محمد الیاس | صدر |
| -2 | جناب مرزا محمد ظفر اقبال | سینئر نائب صدر |
| -3 | جناب سرمد سلیم خوجہ | نائب صدر |
| -4 | جناب خواجہ محمد یونس | ممبر ایگزیکٹو |
| -5 | جناب بیرسٹر عباس علی خان نصوحہ | ممبر ایگزیکٹو |
| -6 | جناب خواجہ محمد نصر المحمود | ممبر ایگزیکٹو |
| -7 | جناب شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی | ممبر ایگزیکٹو |
| -8 | جناب شیخ محمد آصف رزاق | ممبر ایگزیکٹو |
| -9 | جناب ذکا اللہ خان | ممبر ایگزیکٹو |
| -10 | جناب غلام عباس | ممبر ایگزیکٹو |
| -11 | جناب حافظ محمد سیف اللہ خان پتافی | ممبر ایگزیکٹو |
| -12 | جناب محمد فردوس حمید خان | ممبر ایگزیکٹو |
| -13 | جناب خواجہ محمد اصغر | ممبر ایگزیکٹو |
| -14 | جناب عمر فاروق قریشی | ممبر ایگزیکٹو |

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan • SECRETARY GENERAL

-15 جناب محمد علی خان دستی — ممبر ایگزیکٹو

-16 جناب سردار شہباز علی خان نصوحہ — ممبر ایگزیکٹو

**عدم حاضری درخواست**

-1 جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی — ممبر ایگزیکٹو

-2 جناب حاجی محمد ذوالفقار خان — ممبر ایگزیکٹو

-3 جناب محمد شریف خان لغاری — ممبر ایگزیکٹو

-4 جناب غلام مرتضیٰ خان گورمانی — ممبر ایگزیکٹو

-5 جناب مرزا محمد حماد اقبال — ممبر ایگزیکٹو

-6 جناب میاں حسین احمد فضل — ممبر ایگزیکٹو

-7 جناب مقصود احمد خان علیانی — ممبر ایگزیکٹو

-8 جناب مقبول الٰہی شیخ — ممبر ایگزیکٹو

-9 محترمہ گل فاطمہ — ممبر ایگزیکٹو

**دعوت خاص**

جناب ذوالفقار علی خان نصوحہ، جناب مرزا محمد اقبال، جناب شیخ محمد زاہد نظام، جناب میاں محمد ایوب، جناب حاجی محمد زبیر نظامی، جناب حاجی محمد علی شیخ اور جناب شیخ محمد طاہر معراج نے خصوصی دعوت پر شرکت فرمائی۔ صاحب صدر نے تمام اراکین کا انکی آمد پر شکریہ ادا کیا، جس کے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور ایک ایک کر کے زیرِ غور لائے گئے۔

**-1 تلاوت کلام پاک**

اجلاس کی باقاعدہ کارروائی کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ سیکریٹری چیمبر نے تلاوت کلام پاک کی۔

-1 <u>سابقہ اجلاس ایگزیکٹو کمیٹی منعقدہ مورخہ 14-09-2023 کی کارروائی کی توثیق۔</u>

سیکریٹری جنرل نے صدر چیمبر کی ہدایت پر مورخہ 14-09-2023 ایگزیکٹو کمیٹی کے منعقدہ اجلاس کی کارروائی ایوان میں پڑھ کر سنائی ۔ ایوان نے کارروائی ہذا سے اتفاق کرتے ہوئے متفقہ طور پر اسکی توثیق کر دی اور درج شدہ قرارداد منظور کر لی۔

SECRETARY GENERAL

"قرارداد"

"ہرگاہ ایوان چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 14-09-2023 کی کارروائی کی متفقہ طور پر توثیق کرتی ہے۔"

2- **فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جنرل باڈی و ایگزیکٹو کمیٹی برائے سال 2024-2025 کیلئے چیمبر کے نامزد ارکان کی منظوری۔**

جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ٹریڈ رولز کے مطابق FPCCI کے سالانہ انتخابات ہر سال دسمبر میں منعقد کیے جاتے ہیں جسکی جنرل باڈی کیلئے فیڈریشن کی طرف سے ہر چیمبر کو اپنے دو اراکین نامزد کرنے کے لئے کہا جاتا ہے۔ ان دو اراکین میں سے ایک رکن کو فیڈریشن کی ایگزیکٹو کمیٹی کیلئے اور دوسرے کو جنرل باڈی کیلئے نامزد کیا جاتا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ نامزد اراکین میں سے ایک رکن کا تعلق کارپوریٹ کلاس اور دوسرے کا ایسوسی ایٹ کلاس سے ہوتا ہے۔ صاحب صدر نے ہاؤس سے اس بارے میں تجاویز پیش کرنے کے لئے کہا۔ ہاؤس نے بعد از غور و خوض اتفاق رائے سے جنرل باڈی کے لئے چیمبر کے سینئر نائب صدر جناب مرزا محمد ظفر اقبال اور FPCCI کی ایگزیکٹو کمیٹی کیلئے جناب خواجہ محمد نصر المحمود ممبر ایگزیکٹو کا نام تجویز کیا جس پر صاحب صدر نے ہر دو اراکین سے اس مقصد کے لئے ان کی رضامندی حاصل کی۔ ہاؤس نے امید ظاہر کی کہ دونوں نامزد صاحبان اپنے تجربے اور صلاحیتوں کی مدد سے فیڈریشن میں ڈیرہ غازیخان چیمبر کی بھرپور نمائندگی کریں گے اور فیڈریشن کے پلیٹ فارم سے ڈیرہ غازیخان چیمبر کے اراکین اور صنعت و تجارت سے متعلق ملکی و علاقائی مسائل کے ازالے کیلئے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ جس پر ایوان نے اس ضمن میں ایک درج ذیل قرارداد متفقہ طور سے منظور کر لی۔ جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر چیمبر نے سیکریٹری جنرل چیمبر کو ہدایت کی کہ نامزد اراکین کے نام مطلوبہ کوائف و دستاویزات کے ہمراہ FPCCI کے ہیڈ آفس کراچی کو مقررہ وقت سے قبل ارسال کر دیے جائیں۔

"قرارداد"

"ہرگاہ ایوان کے سامنے FPCCI کے موصولہ سرکلر کی تفصیلات پیش کی گئیں۔ ایوان اس ضمن میں چیمبر کی کارپوریٹ کلاس سے خواجہ محمد نصر المحمود اور ایسوسی ایٹ کلاس سے مرزا محمد ظفر اقبال کے نام فیڈریشن کی جنرل باڈی اور خواجہ محمد نصر المحمود کا نام FPCCI کی ایگزیکٹو کمیٹی برائے سال 2024-2025 میں نامزد کرنے کی متفقہ منظوری دیتا ہے۔ ایوان اس توقع کا اظہار کرتا ہے کہ نامزد اراکین فیڈریشن کے پلیٹ فارم سے ڈیرہ غازی خان چیمبر کی ہر ممکن ترجمانی کریں گے۔"

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan •
SECRETARY GENERAL

**5- <u>صاحب صدکی پیشگی اجازت سے زیر بحث لائے جانے والے امور۔</u>**

اس بعد جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر ایوان نے اجلاس میں حاضر تمام اراکین سے دریافت کیا کہ اگر کوئی کسی معزز ممبر کو کوئی اور مسئلہ درپیش ہے تو وہ بیان کرے ہماری بھرپور کوشش ہوگی کہ اس کو حل کیا جائے لیکن جناب صدر صاحب کے استفسار کرنے پر کسی ممبر کی طرف سے کوئی مسئلہ پیش نہ کیا گیا جس پر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر ایوان نے اجلاس کے باقاعدہ اختتام سے قبل اراکین کی آمد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آج جس طرح آپ نے خصوصی دلچسپی لیتے ہوئے شرکت کی اور اپنا قیمتی وقت چیمبر کو دیا میں اس پر آپ تمام حاضر اراکین کا تہہ دل شکر گزار ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آئندہ اجلاسوں میں بھی اسی دلچسپی کا برقرار رکھا جائے گا۔اس کے ساتھ ہی جناب صدر صاحب نے اجلاس کے اختتام پذیر ہونے کا اعلان کیا جس کے بعد اشیا خورونوش سے حاضرین کی تواضع کی گئی۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan •
SECRETARY GENERAL

(محمد مجاہد)
سیکریٹری جنرل
ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری